r_emiro.Giunta - Prot. 23/04/2021.0390279.U

**انسلاک برائے کووڈ-19 کی ٹیکہ کاری کا منظوری فارم: معلوماتی پرچہ**

# جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ

**جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ کیا ہے اور کس لیے استعمال ہوتا ہے**

جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ SARS-CoV-2 وائرس کی وجہ سے ہونے والی کووڈ-19 بیماری کو روکنے کے لیے مستعمل ایک دوا ہے۔ جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ 18 سال سے اوپر کے بالغوں کو دیا جاتا ہے۔ ٹیکہ مامونیتی نظام (جسم کی قدرتی مدافعت) کو ایسی اینٹی باڈیز اور جسم کے خلیے پیدا کرنے کی ترغیب دیتا ہے جو وائرس کے خلاف، کووڈ-19 بیماری سے بچانے کا کام کرتے ہیں۔ اس ٹیکے میں شامل کسی بھی جز کی وجہ سے کووڈ-19 نہیں ہو سکتا ہے۔

**آپ کو جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ موصول کرنے سے پہلے کیا جاننا ضروری ہے**

اگر آپ کو فعال مادے یا اس دوا کے کسی بھی دیگر اجزا (ذیل میں مندرج ہیں) کے تئیں الرجی ہے تو آپ کو جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ نہیں دیا جانا چاہیے۔

**تنبیہ اور احتیاطی تدابیر**

اگر آپ کو درج ذیل امور لاحق ہیں تو آپ کو ٹیکہ دیے جانے سے پہلے ٹیکہ کاری مرکز پر موجود ڈاکٹر یا نگہداشت صحت سے متعلق پیشہ ور فرد سے بات کریں:

- کبھی بھی ٹیکے کے کسی دیگر انجیکشن کے بعد سنگین الرجی زا ردعمل ہوا تھا؛
- سوئی سے انجیکشن لگنے کے بعد غشی ہو گئی تھی؛
- سنگین انفیکشن نیز تیز بخار (38 °C سے اوپر) تاہم، اگر آپ کو معمولی بخار یا بالائی ہوا نالی کا انفیکشن، جیسے سردی ہے تو، آپ اب بھی ٹیکہ کاری موصول کر سکتے ہیں؛
- جریان خون کے مسائل یا آسانی سے خراش پڑ جانا یا اگر آپ کوئی مانع انجماد خون دوا لے رہے ہیں (خون کا چکتہ بننے کو روکنے کے لیے)؛
- مصالحت شدہ نظام مامونیت (مامونیت کی کمی) یا ایسی دوا پر ہیں جو آپ کے نظام مامونیت کو متاثر کرتی ہے (جیسے زیادہ خوراک والی کارٹیکو اسٹیرائڈز، مامونی امتناعی دوائیں اور کینسر مخالف دوائیں)۔

جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ لگنے کے بعد، کافی شاذ و نادر خون کے چکتے اور خون میں کم پلیٹلٹس کا مشاہدہ ہوا ہے۔ اس کیفیت میں خلاف معمول جگہوں پر (جیسے دماغ، آنت، جگر، تلی) میں خون کے چکتے والے شدید معاملات اور بعض اوقات جریان خون شامل ہیں۔ یہ معاملات ٹیکہ کاری کے بعد تین ہفتوں میں پیش آئے اور خاص طور پر 60 سال سے کم عمر کی خواتین میں تھے۔ اس کیفیت کے نتیجے میں اموات بھی ہوئی ہیں۔
فوراً طبی توجہ حاصل کریں اگر، ٹیکہ کاری کے چند دنوں کے بعد، آپ کو شدید یا مستقل سر درد یا دھندلی بینائی کا سامنا ہوتا ہے، یا اگر ٹیکہ کاری کی جگہ کے علاوہ کسی جگہ پر جلد پر غیر متوقع خراش ظاہر ہوتی ہے، نیز سانس پھولنے، ٹانگوں کی سوجن، یا شکم میں مستقل درد کا سامنا ہوتا ہے۔ ان معاملات میں، ڈاکٹر کو بتائیں کہ آپ کو حال ہی میں جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ دیا گیا تھا۔
20 اپریل 2021 کی اپنی میٹنگ میں، EMA کی حفاظتی کمیٹی (PRAC) اس نتیجے پر پہنچی کہ کووڈ-19 کے وسیع پیما پھیلاؤ کے ساکت خطرے سے لڑنے میں جانسین کووڈ-19 کے ٹیکہ کے فوائد (جو بذات خود خون کا چکتہ بننے کے مسائل کا باعث بنتا ہے اور مہلک ہو سکتاہے) ناموافق اثرات کے خطر پر بدستور بھاری ہے۔

**دیگر دوائیں اور جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ**

اگر آپ کوئی دیگر دوائیں استعمال کر رہے ہیں، حال ہی میں استعمال کی ہیں، یا کر سکتے ہیں ، یا حال ہی میں کوئی دیگر دوا موصول کی ہے تو
ٹیکہ کاری مرکز پر موجود ڈاکٹر یا نگہداشت صحت سے متعلق پیشہ ور فرد کو بتائیں۔

**حمل اور پستان سے دودھ پلانا**

اگر آپ حاملہ ہیں، خیال ہے کہ آپ حاملہ ہو سکتی ہیں یا بچے کو جنم دینے کا منصوبہ بنا رہی ہیں، یا اگر آپ پستان سے دودھ پلا رہی ہیں تو یہ ٹیکہ موصول کرنے سے قبل ڈاکٹر سے مشورہ طلب کریں۔
حاملہ خواتین میں جانسین کووڈ-19 کے ٹیکہ کے استعمال کے بارے میں معلومات محدود ہیں۔ جانسین کووڈ-19 کے ٹیکے کے ساتھ حیوانوں میں ہوئے مطالع حمل/مضغہ/جنین کی نشوونما، وضع حمل یا حمل کے بعد نشوونما کے سلسلے میں بلا واسطہ یا بالواسطہ مضر اثرات کی نشاندہی نہیں کرتے ہیں۔ حمل میں جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ دیے جانے پر صرف تبھی غور کرنا چاہیے جب امکانی فوائد ماں اور جنین کے لیے کسی امکانی خطرات پر بھاری ہوں۔

r_emiro.Giunta - Prot. 23/04/2021.0390279.U

**تحفظ کی مدت اور ٹیکے کی اثر انگیزی کی تحدیدات**
ٹیکے کے ذریعہ پیش کردہ تحفظ کی مدت نامعلوم ہے اور رواں طبی آزمائشوں کے ذریعے اب بھی اس کا تعین کیا جا رہا ہے۔ تحفظ کی شروعات ٹیکہ کاری سے لگ بھگ 14 دنوں پر ہوتی ہے۔ کسی بھی ٹیکے کی طرح، جانسین کووڈ-19 کے ٹیکہ سے ٹیکہ کاری ہو سکتا ہے تمام ٹیکہ وصول کنندگان کا تحفظ نہ کرے۔ لہذا صحت عامہ کے مشورے (ماسک، سماجی دوری قائم رکھنا اور کثرت سے ہاتھ دھونا) کی سختی سے پابندی کرتے رہنا ضروری ہے۔

**جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ کس طرح دیا جاتا ہے**
جانسین کووڈ-19 کے ٹیکےکا انجیکشن واحد خوراک میں (بوسٹر کی ضرورت کے بغیر) اوپری بازو کے عضلہ میں (درون عضلات انجیکشن) دیا جاتا ہے۔

**ممنکه ضمنی اثرات**
تمام ٹیکوں کی طرح، جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ بھی ضمنی اثرات کا سبب ہوسکتا ہے، حالانکہ ہر شخص ان سے متاثر نہیں ہوتا ہے۔ **فوری** طبی توجہ حاصل کریں اگر آپ کو شدید الرجی زا ردعمل کا سامنا ہوتا ہے؛ ان ردعمل میں درج ذیل کسی بھی علامت کا قدرے مشترک شامل ہو سکتا ہے؛ غشی یا دوران سر محسوس کرنا؛ حرکت قلب کی شرح میں تبدیلی؛ سانس پھولنا؛ غرغراہٹ؛ ہونٹوں، چہرے یا حلق کی سوجن؛ چھپاکی یا سرخباد؛ متلی یا الٹی؛ پیٹ میں درد۔

جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ درج ذیل ضمنی اثرات کا سبب بن سکتا ہے:
*کافی عمومی ضمنی اثرات* (10 افراد میں سے 1 سے زائد پر اثرانداز ہو سکتے ہیں):
سر درد؛ عضلہ میں درد؛ انجیکشن کی جگہ پر درد، کافی تھکا ہوا محسوس کرنا
*عمومی ضمنی اثرات* (10 افراد میں سے 1 تک پر اثرانداز ہو سکتے ہیں):
انجیکشن کی جگہ پر سرخی؛ انجیکشن کی جگہ پر سوجن؛ کپکپی، جوڑ کا درد؛ بخار؛ کھانسی

*غیر عمومی ضمنی اثرات* (100 افراد میں سے 1 تک پر اثرانداز ہو سکتے ہیں):
سرخباد؛ عضلہ کی کمزوری؛ بازو یا ٹانگ میں درد؛ کمزوری کا احساس؛ عام طور پر علیل محسوس کرنا؛ چھینک آنا؛ حلق میں خراش؛ پیٹھ میں درد؛ کپکپانا؛ حد سے زیادہ پسینہ آنا *شاذ و نادر ضمنی اثرات*(1,000 افراد میں سے 1 تک پر اثر انداز ہو سکتے ہیں)
الرجی زا رد عمل؛ چھپاکی

*کافی شاذ و نادر ضمنی اثرات* (10,000 افراد میں سے 1 تک پر اثرانداز ہو سکتے ہیں):
خلاف معمول جگہوں پر خون کے چکتے (جیسے، دماغ، آنت، جگر، تلی)؛ جو خون میں کم پلیٹلٹ سے وابستہ ہوتا ہے۔

*معلوم تعدد والے ضمنی اثرات*(دستیاب ڈیٹا سے اندازہ نہیں لگایا جا سکتا):
شدید الرجی زا ردعمل

اگر آپ کو کوئی ضمنی اثر ہوتا ہے تو، چاہے اوپر مذکور نہیں ہے، اپنے ڈاکٹر سے بات کریں یا ٹیکہ کاری مرکز سے رابطہ کریں۔
آپ کسی ضمنی اثرات کی رپورٹ براہ راست نیشنل رپورٹنگ سسٹم
(https://www.aifa.gov.it/content/segnalazioni-reazioni-avverse) کے ذریعے بھی کر سکتے ہیں۔

**جانسین کووڈ-19 کا ٹیکہ کس چیز پر مشتمل ہے**
فعال جز نو تشکیل حیویه، ته داری نا مکمل اڈینووائرس ٹائپ 26 ہے جو SARS-CoV-2 اسپائک پروٹیکن کو بتاتا ہے۔
یہ پروڈکٹ جینیاتی لحاظ سے ترمیم شدہ خرد نامیوں (GMO) پر مشتمل ہے۔
دیگر غیر عامل مادے ہیں: 2-hydroxypropyl-β-cyclodextrin (HBCD)؛ سائٹرک ایسڈ مونوہائڈریٹ؛ ایتھینال؛ ہائڈروکلورک ایسڈ؛ پولیسربیٹ-80؛ سوڈیم کلورائڈ؛ سوڈیم ہائڈرو آکسائڈ؛ ٹرائسوڈیم سائٹریٹ ڈیہائڈریٹ؛ انجیکشنوں کے لیے پانی۔